پرچہ جنرل سائنس فیصل آباد بورڈ 2013 (گروپ دوسرا) 9th

وقت: 20 منٹ — حصہ معروضی (لازمی) — کل نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات نیچے دیے گئے خانوں [A][B][C][D] میں درج ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھتے ہیں، علیحدہ سے دی گئی جوابی کاپی (Answer Sheet) پر اس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے چار دائروں (A)(B)(C)(D) میں سے آپ اُس دائرے کو پین یا مار کر سے اس طرح بھر دیں کہ سیاہی دائرے سے باہر نہ نکلے۔

	سوالات	(a)	(b)	(c)	(d)
(i)	فیٹس ہضم ہوتے ہیں۔	بڑی آنت میں	چھوٹی آنت میں	معدہ میں	بکل کیویٹی میں
(ii)	پودوں کے پتوں میں سوڈیم کی مقدار ہوتی ہے۔	0.01 - 10%	10 - 15%	12 - 16 %	16 - 20%
(iii)	ہوا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار کس عمل سے بڑھتی ہے؟	ضیائی تالیف	ریسپائریشن	جلنے سے	ویپرٹرز سے
(iv)	ڈاکٹر منیر احمد خان کب پیدا ہوئے؟	1926	1937	1940	1945
(v)	البیرونی کے مطابق زمین کا نصف قطر ہے۔	6328km	6338km	6358km	6368km
(vi)	کلوروفلورو کاربن کا اخراج باعث بنتا ہے۔	زمینی آلودگی	فضائی آلودگی	کیمیائی آلودگی	آبی آلودگی
(vii)	اسٹما سفیئر کی موٹائی ہے؟	200km	1000km	1200km	1600km
(viii)	تقریباً ۔۔۔۔۔۔۔۔ فیصد پاکستانی آبادی زراعت پر منحصر ہے۔	50%	60%	80%	90%
(ix)	جراثیموں کا پھیلاؤ ہوتا ہے۔	ہوا سے	جانور سے	پانی سے	ان تمام سے
(x)	دماغی بیماری ہے۔	نیوروسس	ٹپ دق	ڈفتھیریا	کالرا
(xi)	انفلوئنزا کے وائرس کی اقسام ہیں۔	2	3	4	5
(xii)	ایک گرام کاربوہائیڈریٹس سے انرجی کی مقدار حاصل ہوتی ہے۔ (کلوکیلوری)	4.1	4.5	5.1	5.5
(xiii)	پنکریاز ہارمون خارج کرتا ہے۔	انسولین	گلوکاگون	انسولین اور گلوکاگون	پیپسین
(xiv)	ہارمون غیر ارادی افعال کو کنٹرول کرتا ہے۔	تھائی راکسن	اپی نیفرین	ایڈرنیل	انسولین
(xv)	خون کے گروپ دریافت کیے۔	لینڈسٹینر نے	تھامسن نے	مورگن نے	فلیمنگ نے

کل نمبر: 60 — ☆ حصہ انشائیہ (اوّل) ☆ — وقت: 2:10 گھنٹے

2۔ درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) چار پاکستانی سائنسدانوں کے نام تحریر کیجئے۔
(ii) دو سطروں میں مضمون فزکس کی وضاحت کیجئے۔
(iii) لفظ سائنس کی تعریف کیجئے۔
(iv) عمل کیمیاء گری کو مسلم سائنسدانوں کا دور کیوں کہا جاتا ہے؟
(v) جابر بن حیان کی دو کتابوں کے نام لکھئے۔ کس کتاب کا ترجمہ انگریزی میں اور کس نے کیا؟
(vi) پودوں کی ضرورت کے لحاظ سے نائٹروجن کا کیا کردار ہے؟
(vii) چار ریئر گیسوں کے نام اور دو کے استعمالات لکھئے۔
(viii) کلورین کے چند فوائد تحریر کیجئے۔
(ix) ہوا میں موجود چار گیسوں کے نام اور فیصد ترکیب لکھئے۔

3۔ درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) اینابولزم اور کیٹابولزم عوامل میں کیا فرق ہے؟
(ii) ان پھلوں کے نام بتائیے جن میں وٹامن سی (C) پایا جاتا ہے؟
(iii) جینوم کی تعریف کیجئے۔
(iv) ٹرانس جینک جاندار سے کیا مراد ہے؟
(v) ری سائیکلنگ سے کیا مراد ہے؟
(vi) جسم میں آئرن کا کیا کردار ہے؟
(vii) کتے یا بلی کے کاٹنے سے کون سی بیماریاں پیدا ہونے کا خدشہ ہے؟
(viii) پروٹین کے دو ذرائع لکھئے۔
(ix) لپڈز کی ہم کس طرح جماعت بندی کرتے ہیں؟

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) گرین ہاؤس اثر کے ماحول پر دو اثرات لکھئے۔
(ii) اینڈینجرڈ سپی شیز کون کون سی ہیں؟
(iii) آبی آلودگی سے کیا مراد ہے؟
(iv) فوسل فیولز کیا ہوتے ہیں؟
(v) جنگلی حیات کے دو فوائد تحریر کیجئے۔
(vi) ہیضہ کیسے پھیلتا ہے؟
(vii) سٹرلائزیشن سے کیا مراد ہے؟
(viii) تمباکو نوشی کے کم از کم دو مضر اثرات لکھئے۔
(ix) انسانی زندگی میں صاف پانی کی کیا اہمیت ہے؟

☆ حصہ انشائیہ (دوئم) ☆ (کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔)

5: (الف) پانی میں حل پذیر وٹامنز پر نوٹ لکھئے۔ (ب) انسانی زندگی کے مختلف مراحل بیان کیجئے۔

6: (الف) خون کے مختلف اجزاء اور ان کے افعال تحریر کیجئے۔
(ب) جینیٹک انجینئرنگ کیا ہے؟ اور کس طرح زراعت اور لائیوسٹاک کو بہتر کرنے میں مددگار ہے؟

7: (الف) وٹامنز کیا ہیں؟ انہیں کتنے گروہوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟ (ب) اینڈوکرائن گلینڈز کا ہمارے جسم میں کیا کردار ہے؟

8: (الف) نارکوٹکس پر نوٹ لکھئے۔ (ب) تمباکو نوشی کے مضر اثرات تحریر کیجئے۔

9: (الف) آبادی میں اضافہ ماحول پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے؟ وضاحت کیجئے۔ (ب) آلودگی کے خاتمے کی تدابیر تحریر کیجئے۔

www.ilmkidunya.com